آداب ۔۔ یہ آکاش وانی سرینگرہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینسنجیو کمار

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

*.... سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کا باضابط آغاز//لگ بھگ 12ہزار یاتریوں نے پوترگپھا میں کئے شیو لنگم کے درشن۔

*.... وزیراعظم نریندر مودی نے شری امرناتھ جی یاتراکو ملک کی روحانی روایت اور ثقافتی اتحاد کا لافانی باب دیاقرار

*.... متعدد شخصیات اور وفود ایل جی منوج سنہاسے ملاقی/عوامی نوعیت کے معاملات پر تبادلہ خیال

...........اور...............

*.... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر میں ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے اور لوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے کا دُہرایا عزم۔

یاترا:

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کا آج یاترا کے دونوں پہلگا م اور بال تل کے راستوں سے باضابطہ طورآغاز ہوگیا اورآج پہلے دن لگ بھگ12ہزار یاتریوں نے پوترگھپا میں شیو لنگم کے درشن کئے۔ انتظامیہ اور دیگر محکموں اور ایجنسیوں نے یاترا کے احسن انعقاد کیلئے ہر طرح کے انتظامات مکمل کئے ہیں اور یاتری ان انتظاما ت سے کافی مطمعئن ہیں۔یاترا کے تعلق سے پیش ہے اننت ناگ سے ہمارے نمایندے کی یہ رپورٹ۔

دوسرا قافلہ:

دریں اثناء3 ہزار 865 یاتریوں پر مشتمل دوسراجتھا آج بھگوتی نگر یاتری نواس جموں سے وادی پہنچ گیا۔ ان میں سے ایک ہزار 735 یاتری بال تل جبکہ 2 ہزار ایک سو 30 یاتری پہلگام کے راستے گھپاکی طرف روانہ ہوئے۔

مودی یاترا:

وزیر اعظم نریندر مودی نے جمونکشمیر مینسالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے آغاز پر شردھالوؤں کو مبارک باد دی
ہے۔شردھالوو

---

ں کے نام ایک خط میں نریندر مودی نے شری امرناتھ یاترا کو ملک کی روحانی روایت اور ثقافتی اتحاد ¾ میں ایک لافانی باب قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ بابا برفانی کے مبارک درشن لاکھوں عقیدت مندوں کی زندگی میں ایک ناقابلِ فراموش اور نیک لمحہ ہوتاہے۔وزیراعظم نے یاترا کی بہتر نظامت کے لئے شری امرناتھ جی شرائن بورڈ اور حکومت جموں کشمیر کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے جموں کشمیر کے لوگوں کی مہمان نوازی کی بھی ستائش کی۔ انہوننے یاتریوں سے کہاکہ وہ ووکل فار لوکل جزبے کو تقویت بخشتے ہوئے یاترا اخراجات کا کم سے کم 10فیصد حصہ مقامی اشیا کی خریداری میں صرف کریں تاکہ جموں کشمیرکے مقامی لوگوناور نوجوانوں کے روزگار کو بڑھاوا مل سکے۔

پی ایم پیغام:

جموں کشمیر انتظامیہ نے آج شری امرناتھ جی یاتریوں کے نام خصوصی پیغام پر مبنی پمفلٹ نونون اور بالتل بنیادی کیمپوں میں یاتریوں میں تقسیم کئے ۔ ان شردھالوؤں نے وزیراعظم نریندرمودی کے اس پیغام کوایک خوش آئند پہل قرار دیتے ہوئے کہاکہ اس کی بدولت یاترا کے جزبے کو تقویت حاصل ہوگی اور یاتریوں کی حوصلہ افزائی بھی ممکن ہوگی۔

نائب صدر:

نائبِ صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے بھی سالانہ امرناتھ یاترا کے آغاز پر سبھی شردھالوؤں کو مبارک باددی ہے ۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ امرناتھ یاترا بھارت کی سب سے زیادہ قابِل احترام اور قدیم یاترایاؤ ں میں شامل ہے۔اس سے ملک کی لافانی، روحانی وراثت اور عقیدے اور بھگتی کی جاری و ساری روایت کی عکاسی ہوتی ہے۔

یاترا نشریات:

شری امرناتھ جی یاترا کے دوران شردھالوؤں کو اعلیٰ معیار کی خصوصی ریڈیو نشریات فراہم کرنے کیلئے آکاشوانی سرینگر میں اس برس بھی ایک مخصوص سٹیڈیو قائم کیا گیا ہے۔سٹیڈیو سے آج باضابطہ طور نشریات کا آغاز کیاگیا۔اس نشریات کی افتتاحی رسم ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل انجینئرنگ اور سٹیشن کے سربراہ گُربنِدر سنگھ نے انجام دی۔اپنے خیالات کااظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شردھالوؤں کیلئے اس نشریات کے ذریعے مختلف عقیدتی پروگرام نشر کرنے کے علاوہ اُن تک ضروری معلومات بھی پہنچائی جائیں گی۔

یاترا ہدایات:

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد طے کی گئی ہے۔شردھالوؤں کی سلامتی اور یاترا کے احسن انعقاد کیلئے اس پر عمل کرنا لازمی قرار دیا گیاہے۔

جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔

ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاترا شروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

ریل:

شمالی ریلویز نے بڈگام اور شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ کے درمیان چلنے والی خصوصی Vista Dome ریل سرس میں توسیع کا اعلان کیا ہے۔ یہ ریل گاڑی اب 2نومبر2026تک اتوار کے بغیر ہفتے میں 6دن چلا کرے گی۔ شری امرناتھ جی یاترا کے پیش نظر یہ ریل گاڑی 31اگست 2026تک بانہال ریلوے سٹیشن پر مختصر وقت کیلئے رُکا کرے گی۔

:ایل جی ملاقات

شری کیلاکھ جوتش اور ویدک سنستھان ٹرسٹ کے صدر مہنت روہت شاستری نے آج لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور جموں وکشمیر میں سنسکرت زبان اور ویدِک سٹیڈیز کو فروغ اور تحفظ دینے سے متعلق متعدد اہم ا مور پر تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کٹڑا میں سنسکرت فیکلٹی اسامیاں وجود میں لانے کیلئے لیفٹنٹ گورنر کا شکریہ ادا کیا۔

دریں اثناءآل کشمیر ہاوس بوٹ اونرس ایسوسی ایشن کا ایک وفد اس کے چیئر مین منظور پختون کی قیادت میں ایل جی سے ملاقی ہوا۔وفد نے ہاوس بوٹ سیکٹر سے جڑے معاملات ایل جی کی نوٹس میں لائے۔

:سنہا ملاقات

گاندھی گلوبل فیملی کشمیر کے ایک وفد نے اس کے جموں وکشمیر کے صدر پدم شری ڈاکٹر ایس پی شرما کی قیادت میں ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔انہوننے منشیات پر قابو پانے کیلئے نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت عملائی جارہی سرگرمیوں کیلئے ایل جی کی تعریف کی۔ایل جی نے اس تنظیم کے سماجی اقدامات کی ستائش کرتے ہوئے اس کے ارکان پر زور دیا کہ وہ جموں وکشمیر میں امن کو فروغ دینے نیز ماحولیات کو تحفظ دینے اور نوجوان اور خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے اپنی کاوشیں جاری رکھیں۔

:سی ایم ملاقات

متعدد عوامی وفود اور نمایندوں نے آج رابطہ دفتر سرینگرمیں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور ترقیات ، عوامی بہبود ، تجارت ، سیاحت اور دیگر سیکٹروں کے معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔ملاقات کرنے والوں میں ایم ایل اے حبہ کدل شمیمہ فردوس ، ایم ایل اے جسروٹہ راجیو جسروٹیہ اور ایم ایل اے ڈوڈہ معراج ملک شامل ہیں۔وزیر اعلیٰ نے وفود اور ارکان کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ موجودہ حکومت جموں وکشمیر میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے نیز لوگوں کی راحت رسانی کیلئے وعدہ بند ہے۔

:وقفہ

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشنNews on AIR اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

:نشہ

جموں وکشمیر کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے نشہ مُکت جموں وکشمیرابھیان کے تحت سرگرمیاں جاری ہیں۔ایک طرف اس دھندے میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی کی جارہی ہے دوسری طرف اس لت میں شامل نوجوانوں کی بحالی کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔پولیس نے آج ہندواڑہ ، پلوامہ اور سوپور میں منشیات کے خلاف بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

:پی ایم گجرات

وزیر اعظم نریندر مودی کل راجستھان اور گجرات کا دورہ کریں گے۔راجستھان کے دورے میں وزیر اعظم جودھپور ہوائی اڈّے کی نئی ٹرمنل عمارت کا افتتاح کریں گے۔480 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر شدہ اس عمارت میں سالانہ 20 لاکھ مسافروں کو سنبھالنے کی گنجائش ہے۔نریندر مودی جودھپور میں نظرِ ثانی شدہ اُڑان اسکیم کا بھی آغاز کریں گے۔اس اسکیم کا مقصد ہوا بازی کے شعبے کی قیادت میں ترقی کے اگلے مرحلے کو تیز کرنا ہے۔

مودی جاپان:

وزیراعظم نریندر مودی اور جاپان کی اُن کی ہم منصب سنائی تکائچی نے پاکستان کی سرحد پار دہشت پسندی سمیت ہر قسم کی انتہا پسندی کی زور دار مذمت کی ہے۔بھارت جاپان سربراہ اجلاس کے بعد ایک مشترکہ بیان میں دونوں لیڈروں نے گذشتہ سال اپریل میں پہلگام حملے اور نومبر میں دلی حملے کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں کے سبھی قصورواروں کو کیفرکردار تک پہنچایاجانا چاہئے۔ دونوں وزرائے اعظم نے ایک خوشحال بھارت بحرالکاہل کےلئے ہم خیال ممالک کے مابین اشتراک مضبوط کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

سیتا رمن

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت۔فرانس اسٹرٹیجک ساجھیداری ، پائیدار ، مضبوط اور اختراع پر مبنی ترقی کے اگلے مرحلے کو آگے بڑھانے کیلئے بہترین بنیاد فراہم کرتی ہے۔ پیرس میں بھارت۔فرانس کاروباری گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عالمی معیشت تیزی سے بدل رہی ہے، جس کے اہم وجوہات تکنیکی ترقی، سپلائی چین میں تنوع، توانائی کی منتقلی اور جغرافیائی و سیاسی تبدیلیاں ہیں۔ وزیر خزانہ نے فرانس کے صنعت کاروں اور سرمایہ کاروں کووکست بھارت2047کے سفر میں بھارت کاشراکت دار بننے کیلئے مدعو کیا۔ انہوں نے مشترکہ خوشحالی کے حصول کیلئے بھارت۔فرانس اسٹرٹیجک ساجھیداری کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔

رندھیر جیسوال:

سرکار نے واضح کیا ہے کہ سندھ تاس آبی معاہدہ اسلام آباد کی جانب سے سرحد پار دہشت پسندی کی مسلسل سرپرستی کے جواب میں تاحال معطل ہے۔نئی دلی میں میڈیا بریفنگ کے دوران وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ سندھ تاس معاہدے کے تعلق سے بھارت کا موقف واضح ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سرحد پاردہشت پسندی کی حمایت سے دست بردار ہونا ہوگا۔

DAC:

ڈیفنس اکیوزیشن کونسل نے دفاعی فورسز کی صلاحیتوں کو بڑھاوا دینے کی غرض سے 52ہزار کروڑروپے کے منصوبوں کو منظوری دی ہے۔ وزارت دفاع کے مطابق ان کا مقصد بھارتی فوج کیلئے جدید طرز کا دفاعی سازوسامان خریدنا ہے۔

آدھار:

عام لوگوں کی سہولیات کے لئے یونیک آئیڈنٹیفکیشن اتھارٹی آف انڈیا نے آدھار میں ای میل کا اندراج کرانے کی سہولت دستیاب کرائی ہے۔ خواہشمند افراد ای میل کا اندراج یا اپ ڈیٹ آدھارایپ کے ذریعے کرسکتے ہیں۔ یہ سہولت یکم جولائی کو متعارف کی گئی ہے اور آئندہ چھ ماہ تک دستیاب رہے گی۔

DCs:

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان کی صدارت میں آج ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ضلع سے تعلق رکھنے والے اُن نوجوانونکی درخواستونکا جائزہ لیا گیا جو کارخانہ داری کے خواہشمند ہیں۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو منظور شدہ درخواستوں کے تعلق سے ضروری کاروائی مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

اس دوران ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلعے میں اکلاویا ماڈل ریزیڈنشل سکول پر جاری ترقیاتی کام کا جائزہ لیا۔انہوں نے سکول کے بائز ہوسٹل کے التوا ءمیں پڑے کام مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

کرکٹ:

BCCIبھارت میں کرکٹ کے کنٹرول بورڈ نے بھارت اور سری لنکا کے درمیان اگلے ماہ کی 15تاریخ سے ہونے والی 2میچوں کی ٹیسٹ سیریز کیلئے شیڈول مشتہر کیا ہے ۔اس سیریز کا پہلا میچ اگلے ماہ کی 15تاریخ سے سری لنکا کے گاالانٹر نیشنل سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا میچ 23 جولائی سے سنہال سپورٹس کلب کولمبو میں ہوگا۔بھارتی ٹیم کی قیادت شبھمن گِل کریں گے۔

اس دوران بھارتی ٹیم آج کل انگلینڈ کے دورے پر ہے۔بھارت اور انگلینڈ کے درمیان کھیلے جانے والی 5 ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ بارش کی وجہ سے منسوخ کردیا گیا تھا۔سیریز کا دوسرا میچ کل منچسٹر میں کھیلا جارہاہے۔

موسم:

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت31اعشاریہ 7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19اعشاریہ 3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37اعشاریہ 3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت26اعشاریہ 2 ڈگری سیلشیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 24 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ